سوال

(134)امام کا سترہ مقتدیوں کے لیے کافی ہے ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

امام کا سترہ مقتدیوں کے لیے کافی ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

امام کا سترہ مقتدیوں کے لیے کافی ہے،امام کے پیچھے صف میں کھڑے اشخاص کو الگ اسے اپنے لیے سترہ رکھنے کی ضرورت نہیں ہے ''سترة الاِمام سترة لمن خلفه''، پس اگر کوئی شخص مقتدیوں کے سامنے اور امام کے سامنے واقع سترہ سے باہر گزرے تو اس پر کوئی مواخذہ نہیں اور نہ ایسا کرنے سے کسی کی نماز میں کوئی خلل واقع ہوگا۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ شیخ الحدیث مبارکپوری

جلد نمبر 1

صفحہ نمبر 231

محدث فتویٰ